# آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

نمبر بورڈ/ثانوی امتحانات/ 10458 /2025/ مورخہ 12-08-25

## نوٹیفکیشن!

اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے محکمانہ امتحانات 2025ء کی تواریخ کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔ فیس/ فارم ہا داخلہ حسب ذیل شیڈول کے مطابق وصول کیے جائیں گے۔

| | فیس داخلہ حبیب بینک/ڈاکخانہ میں جمع کروانے کی تاریخ | فارم داخلہ بورڈ میں دستی جمع کروانے کی آخری تاریخ | فارم داخلہ بذریعہ ڈاک دفتر بورڈ میں وصولی کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|
| سنگل فیس کے ساتھ | 12-08-2025 تا 20-08-25 | 21-08-2025 | 25-08-2025 |
| دوگنا فیس کے ساتھ | 21-08-2025 تا 25-08-25 | 26-08-2025 | 30-08-2025 |
| تین گنا فیس کے ساتھ | 26-08-2025 تا 29-08-25 | 30-08-2025 | 03-09-2025 |

## ﴿اشراح فیس داخلہ﴾

| | |
|---|---|
| ڈرائنگ برائے ریگولر امیدواران | 2440/- |
| ڈرائنگ برائے پرائیویٹ امیدواران | 2440/- |
| ایگروٹیک، ڈی پی ای، او ٹی (ریگولر اُمیدواران) | 3260/- |
| ایگروٹیک، ڈی پی ای، او ٹی (پرائیویٹ اُمیدواران) | 3260/- |

**نوٹ:۔** فیس داخلہ HBL آزاد کشمیر کی کسی بھی برانچ میں جمع کرائی جاسکتی ہے تاہم جہاں یہ سہولت میسر نہ ہو وہاں ڈاکخانہ کے ذریعے منی آرڈر **بنام** جناب سیکریٹری انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور ارسال کرنا ہوگی۔

## ﴿ہدایات﴾

1۔ امتحانات میں شامل ہونے والے پرائیویٹ امیدواران کے لیے فارم داخلہ آزاد کشمیر میں واقع HBL کی ضلعی ہیڈکوارٹر کی شاخوں سے بعوض-/200 روپے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

2۔ ریگولر فارم داخلہ سربراہان ادارہ جات کو ان کی ڈیمانڈ پر ارسال کیے جائیں گے۔ ریگولر فارم داخلہ کی قیمت-/200 روپے فی فارم داخلہ مقرر کی گئی ہے۔

3۔ گوشوارہ فیس اور ایوارڈ لسٹ برائے داخلی تخمین میں درج اُمیدواران کے ناموں کی ترتیب رجسٹریشن ریٹرن کے مطابق رکھی جائے نیز جس ترتیب سے مندرجہ فہرستیں تیار کی جائیں اسی ترتیب سے فارم داخلہ نتھی کرتے ہوئے علیحدہ گوشوارہ فیس مرتب کر کے اصل چالان ساتھ شامل کیا جائے۔

4۔ ہر کورس کے لیے علیحدہ علیحدہ فیس داخلہ جمع کرواتے ہوئے علیحدہ گوشوارہ فیس مرتب کر کے اصل چالان ساتھ شامل کیا جائے۔

5۔ رزلٹ گزٹ (اگر مطلوب ہو) تو اس کے لیے فیس مبلغ-/1000 روپے علیحدہ چالان کے ذریعے جمع کروائی جائے اور الگ چٹھی معہ چالان ارسال کی جائے۔

6۔ ریگولر اُمیدواران کے داخلی تخمین فارم داخلہ کے ساتھ وصول کیے جائیں گے۔ بدون داخلی تخمین فارم داخلہ قبول نہیں کیے جائیں گے ارسال کردہ/موصولہ داخلی تخمین حتمی ہوگی۔ ردو بدل اور سہواً کا عذر قابل پذیرائی نہ ہوگا۔

7۔ ریگولر رجسٹریشن کے بغیر کسی اُمیدوار کا فارم داخلہ نہ تو قبول کیا جائے گا اور نہ ہی رول نمبر جاری ہوگا۔

8۔ تمام اُمیدواران مرد/خواتین کے لیے دو ایک جیسی مصدقہ تصاویر فارم داخلہ پر دی گئی جگہ پر چسپاں کرنا لازمی ہوگا۔ جن کی پشت پر ان کا نام معہ ولدیت/امتحانی مرکز درج ہو۔

9۔ یاد رہے فارم داخلہ پر غلط/کسی دوسرے اُمیدوار/اُمیدوارہ کی تصویر چسپاں کرنے کی تمام تر ذمہ داری اُمیدوار/سربراہ ادارہ/آفیسر تصدیق کنندہ پر ہوگی۔ اس سلسلہ میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

10۔ او ٹی، ایگروٹیک اور ڈرائنگ عملی تدریس کے داخلی تخمین کیلئے 100 نمبر کے ہوں گے۔ پاس مارکس 33% ہوں گے۔

(محمد مسعود چوہدری)

کنٹرولر امتحانات سکولز

05827-960004

D/Taimoor/Notification OT & DPE Exams Annual 2025-5